106420 ـ اگر خاوند اور بیوی میں سے کوئی ایك لعنت کرے تو اس سے طلاق یا حرمت نہیں ہوتی

سوال

اگر کوئی شخص اپنی بیوی یا بیوی اپنے خاوند پر لعنت کرے تو کیا شادی کے اعتبار سے ایك دوسرے پر حرام ہو جاتے ہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

لعنت کرنے پردونوں ہی ایك دوسرے پر حرام نہیں ہو جاتے، اور نہ ہی اس سے طلاق واقع ہوتی ہے، لیکن خاوند کا بیوی پر اور بیوی کا خاوند پر لعنت کرنا کبیرہ گناہ ہے اس سے دونوں کو توبہ کرنی واجب ہے، اور انہیں اس سے استغفار کرتے ہوئے ایك دوسرے سے معافی مانگنی چاہیے.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.

اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور صحابہ کرام پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے " انتہی

اللجنۃ الدائمۃ للبحوث العلمیۃ والافتاء

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز.

الشیخ عبد الرزاق عفیفی.

الشیخ عبد اللہ بن غدیان.

الشیخ عبد اللہ بن قعود.